RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم ذی الحجہ سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۲۷ مئی سنہ ۱۸۹۵ع	جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم صاحب عالیشان پریزیڈنٹ بہادر تبدیلی سید عبد اللہ ڈاکٹر۔	۱
	روبکارات صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بابت سزاے تازیانہ۔	۲
	تحریر حکم طلب کیفیت بغور شنی عرضی دعوے۔	۲
	نقشہ جات رسومات ونقشہ نرخ نامہ اجناس۔	ضمیمہ

حکم صاحب عالیشان پریذیڈنٹ بہادر دربارہ تبدیلی سید عبد اللہ ڈاکٹر واقع ۱۹ مئی سنہ ۹۵ع

بربنای درخواست صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر حسب منشای حکم حضور معلّٰے دام اقبالہ مصدرہ ۱۴ مئی سنہ ۱۸۹۵ع ڈاکٹر سید عبد اللہ ۱۵ مئی سنہ ۱۸۹۵ع سے اسٹاف حضور معلی مین تبدیل ہوگئے یہ تبدیلی حسب ضابطہ درج گزٹ ہو اور مثل ہذا داخل دفتر ہو۔

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۶ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

صاحبان مجسٹریٹ عموماً سزاے تازیانہ کی جانب ملتفت نہین ہین حالانکہ مجرمان کم سن کو بالخصوص سزاے تازیانہ دیجانی چاہیے اور چھوٹی چھوٹی چوریون مین بھی ایسا ہی ہونا چاہیے صاحبان مجسٹریٹ کو لازم ہی کہ اسطرف توجہ کرین اور دفعات ۳۹۲ لغایت ۳۹۵ ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۸۲ء (مجموعہ ضابطہ فوجداری) اور ایکٹ ۶ سنہ ۱۸۶۴ء (قانون تازیانہ) کی مطابقت و مضامین کو ملحوظ رکھکر سزاے تازیانہ کی جانب التفات و توجہ کرین - معلوم ہوا ہی کہ صاحب مجسٹریٹ ضلع کے اجلاس مین مجسٹریتان ماتحت مقدمہ سماعت و تحقیقات و تجویز کے بعد واسطے صدور حکم و نفاذ سزاے بید کے بھیجتے ہین اوسکو صاحب مجسٹریٹ ضلع اپنے اجلاس کی کارروائی مین داخل کرلیا کرتے ہین اس سبب سے مجسٹریتان ماتحت شاید تجویز سزاے بید مین تامل کرتے ہین اگر یہ طریقہ صاحب مجسٹریٹ ضلع نے جاری کیا ہی تو اب براہ مہربانی اسکو بند کرین ایسے مقدمات ہمیشہ اون صاحبان مجسٹریٹ کی کارروائی مین داخل رہنا چاہیے جنھون نے بعد سماعت تحقیقات و تجویز ثبوت جرم اپنی راے قلمبند کرکے حسب دفعہ ۳۴۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری ارسال کیا ہی امید ہے کہ آیندہ صاحبان مجسٹریٹ سزاے تازیانہ کیطرف توجہ کرینگے اور صاحب مجسٹریٹ ضلع ایسے مقدمات کو جو مجسٹریتان ماتحت کی عدالت سے بغرض صدور حکم و نفاذ سزاے تازیانہ آوین گے داخل کارروائی اونہی عدالتون کے کرکے کہا کرینگے جہان کل تکملہ مثل کا ہوا ہے - حکم ہوا کہ ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ عدالتہاے فوجداری و عدالت سشن مین مرسل ہو ایک نقل شامل فائل رکھی جاوے اور درج گزٹ ہو -

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۹ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

آج ملاحظہ چند مثل منفصلہ عدالت دیوانی ضلع - معلوم ہوا کہ عدالت دیوانی مین عرضی دعوی پیش ہونے پر کچھ حکم طلب کیفیت از سررشتہ نہین کیا جاتا جس سے معلوم ہو کہ فلان تاریخ اسکی داخلی ہی بلکہ اول عرضی دعوی سررشتہ دار کے پاس داخل ہوتی ہی اور وہ کسی کسی تاریخ کو بعد اپنی کیفیت درباب سقم و صحت دعوی جب شامل کردیتے ہین اوسوقت اوسپر حکم اجراے تشخیص و اندراج رجسٹر صادر ہوتا ہی اور وہی تاریخ رجوع دعوی کی قرار دیجاتی ہی یہ نہایت ناقص کارروائی ہے اور اسکے نقصانات اوسوقت معلوم ہوسکتے ہین کہ جب اوس دعوی مین بحث میعاد سماعت واقع ہو اور اس کارروائی مین احتمال سازش بھی درصورت انقضاے میعاد سماعت ہوسکتا ہے لہذا آیندہ کے واسطے ہدایت کیجاتی ہی کہ جسوقت عرضی دعوی پیش ہو یعنی داخل ہو فوراً اوسپر حکم طلب کیفیت لکھنا چاہیے اور وہی تاریخ رجوع قائم ہونا چاہیے اور بعد اوسکے کیفیت سررشتہ پیش ہونے پر اجراے تشخیص وغیرہ کا حکم جاری کرنا چاہیے - حکم ہوا کہ ایک نقل اس روبکار کی بنابر عملدرآمد حسب منشاے روبکار ہذا بخدمت مفتی صاحب دیوانی بھیجی جاوے اور ایک نقل بنابر اندراج گزٹ مطبع کو روانہ کیجاوے تاکہ جملہ حکام صیغہ عدالت دیوانی مطلع ہوکر موافق منشاے اس روبکار کے کارروائی کرنے کے پابند رہین اور ایک نقل شامل فائل رکھی جاوے اور ایک نقل بخدمت صاحب جج بہادر مرسل ہو -

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۲۰ لغایت ۲۶ مئی ۱۸۹۵ء

تحصیل	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	مرد — ہندو	عورت — مسلمان	عورت — ہندو	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل فوتی — ایک سال سے پانچ سال تک — مرد	ایک سال سے پانچ سال تک — عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	۱۳ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل امراض — ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۲	۱	۵	۰	۸	۷	۱	۵	۷	۲	۰	۹	۸	۱۹	۱۵	۲۴	۷	۰	۰	۰	۳۱	۳۱	۰
شاہ آباد	۵	۱۱	۴	۱۲	۳۲	۹	۲۳	۷	۹	۰	۰	۱۰	۳	۱۷	۱۲	۹	۲۰	۰	۰	۲۰	۹	۲۹	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۳	۱۲	۸	۴	۲۷	۱۱	۱۶	۵	۴	۰	۱	۲	۳	۷	۸	۹	۶	۰	۰	۱۵	۰	۱۵	۰
بلاسپور	۱۵	۱۲	۵	۵	۳۷	۲۰	۱۷	۵	۲	۲	۴	۶	۴	۱۳	۱۰	۸	۱۵	۰	۰	۲۳	۰	۲۳	۰
ٹانڈہ	۶	۳	۰	۴	۱۳	۶	۷	۵	۳	۱	۰	۱۹	۳	۲۲	۶	۸	۲۰	۰	۰	۰	۲۰	۲۸	۰
میزان	۳۱	۳۹	۲۲	۲۵	۱۱۷	۵۳	۶۴	۲۷	۲۵	۵	۵	۴۳	۲۱	۷۵	۵۱	۵۸	۶۹	۰	۰	۵۸	۶۸	۱۲۶	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۲۰ لغایت ۲۶ مئی ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۵؍	۱۵؍	۱۶؍	۰	۱۵؍	۱۴؍	سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۹؍	۲۱؍	۲۱؍	۰	۲۰؍	۱۹؍	
نخود کسہ آمیز	۲۲؍	۲۲؍	۲۲؍	۰	۰	۲۰؍	
[illegible]	۲۲؍	۰	۲۲؍	۰		۰	
[illegible]	۹؍	۹؍	۱۹؍	۰	۹؍	۸؍	
مونگ	۱۲؍	۹؍	۲۰؍	۰	۰	۹؍	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
جبی	۲۷؍	۲۱؍	۲۷؍	۰	۳۰؍	۰	
کودی	۲۲؍	۱۷؍	۲۵؍	۰	۲۲؍	۱۸؍	
عدس	۲۳؍	۲۲؍	۲۴؍	۰	۰	۲۰؍	
ارہر	۲۲؍	۲۳؍	۲۲؍	۰	۰	۲۰؍	
برنج	۱۰؍	۹؍	۱۰؍	۰	۱۰؍	۹؍	
روغن زرد	۱؍	۱؍	۱؍	۰	۱؍	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	۲؍	۰	۲؍	۲؍	
روغن کنجد	۰	۲؍	۲؍	۰	۰	۲؍	
نمک سیاہ	۹؍	۸؍	۹؍	۰	۸؍	۹؍	
نمک لاہوری	۷؍	۶؍	۶؍	۰	۰	۵؍	
قند سیاہ	۸	۸	۸	۰	۸؍	۹	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور